# اشتہار برائے نیلامی جانوراں

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ڈائریکٹوریٹ آف فارمز، زرعی یونیورسٹی، فیصل آباد کے لائیو سٹاک فارم پر موجود اچھی نسل کے پالتو جانور از قسم کالی بھینس، دوغلی نسل گائے، ساہیوال نسل گائے، کراس بُل وغیرہ جن کی تفصیل ذیل میں دی گئی ہے کا نیلامِ عام مورخہ 9 جون 2020 بروز منگل بوقت 11:00 بجے صبح کیا جائے گا۔ نیز ہر جانور انفرادی طور پر نیلام کیا جائے گا۔

| نسل | نمبر شناخت (ٹیگ نمبر) | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کالی بھینس | 07 | 46 | 465 | 67 | 79 | - | - | - | - |
| دوغلی نسل گائے | 856 | 845 | 27 | 949 | 824 | - | - | - | - |
| ساہیوال نسل گائے | 76 | 176 | 202 | 19 | 281 | 122 | 307 | 741 | 104 |
| ساہیوال نسل گائے | 364 | 71 | 159 | 221 | 700 | 18 | 840 | 12 | 231 |
| کراس بُل | 17/19 | - | - | - | - | - | - | - | - |

**خواہشمند بولی دہندگان کے لئے مندرجہ ذیل شرائط و ضوابط پر عمل کرنا لازمی ہے۔**

1۔ بولی سے قبل قومی شناختی کارڈ کی نقل فراہم کرنا ہوگی۔

2۔ بولی جیتنے کی صورت میں فائلر کے لئے 10% ٹیکس جبکہ نان فائلر کے لئے 20% ٹیکس بحق سرکار جمع کروانا لازم ہوگا۔

3۔ بولی دہندگان کو بولی سے قبل مبلغ پچاس ہزار روپے جو کہ قابلِ واپسی ہیں بطور زرِ ضمانت جمع کروانا ہونگے۔

4۔ بولی دہندگان کو بولی جیتنے کی صورت میں بولی کی کل رقم کا 1/3 حصہ آکشن کمیٹی کو موقع پر جمع کروانا ہوگا۔ آفیسر / مجاز اتھارٹی کی جانب سے بولی کی منظوری کے بعد بقیہ تمام رقم بمع واجب ٹیکس تین دن کے اندر جمع کروا کے بولی شدہ جانور لے جانے کی اجازت ہوگی۔

5۔ بصورتِ دیگر جمع شدہ رقم بحق یونیورسٹی ضبط کر لی جائے گی اور بولی شدہ جانور دوسرے نمبر پر آنیوالے بولی دہندہ کی رضامندی پر سابقہ منظور شدہ ریٹ (بلندترین بولی) پر بمطابق شرط نمبر 4 کے تحت حوالے کیا جائے گا۔

6۔ آفیسر / مجاز اتھارٹی کسی بھی بولی کو منظور یا منسوخ کرنے کا اختیار رکھتی ہے۔

7۔ تمام بولی دہندگان کے لئے کرونا وائرس سے بچاؤ سے متعلقہ تمام احتیاطی تدابیر پر عمل پیرا ہونا لازمی ہوگا۔

**نوٹ: مذکورہ بالا تاریخ میں نیلامی / بولی کی ناکامی صورت میں یا جو جانور نیلام نہ ہو سکے تو اُن کو نیلام کرنے کے لئے دوبارہ نیلامی مورخہ 16 جون 2020 کو بوقت 11:00 بجے صبح منعقد کی جائیگی اور اگر پھر بھی نیلامی کامیاب نہ ہو سکی تو پھر مورخہ 23 جون 2020 کو بوقت 11:00 بجے صبح نیلامی منعقد ہوگی۔**

**ڈاکٹر محمد طاہر**

**ڈائریکٹر فارمز / کنوینر آکشن کمیٹی**

**(041-9201203)**